This Question Paper Consists of 6 Pages Including cover page

F -45

# ENTRANCE EXAMINATION 2014
## M.Phil. Urdu

**Time: 2 Hours** **Maximum Marks: 75**

**INSTRUCTIONS:**

1. Write Your Hall Ticket No. In the appropriate space provided in the OMR Sheet and Answer Book.
2. Candidates are prohibited from writing their names or any distinctive mark, religious or any type leading to disclosure of their identity in any part of the OMR Sheet and Answer Book.
3. There will be negative marking of 0.33 mark for every wrong answer in Part A.
4. The Answer for Part A should be marked in the OMR Sheet only as instructed. Nothing should be written on the question paper.
5. The Answer for Part B Should be written in the Answer book provided.
6. Handover both the OMR sheet and Answer Book of part B to the Invigilator at the end of the Examination.

ہدایات:

1- OMR Sheet اور جوابی بیاض میں دیے گئے خانوں میں اپنا ہال ٹکٹ نمبر درج کریں۔

2- کہیں اپنا نام یا کوئی امتیازی نشان، مذہبی یا کسی نوعیت کا شناختی نشان درج کرنا منع ہے۔

3- حصہ 'الف' میں 50 معروضی (Objective) سوالات ہیں۔ ہر سوال کے لیے ایک نمبر مختص ہے۔ ہر غلط جواب کے لیے 0.33 نمبر منہا کیا جائے گا۔

4- حصہ 'الف' کے جوابات، دیے گئے OMR Sheet ہی میں درج کریں۔ سوالات کے پرچے یا بیاض میں نہ لکھیں۔

5- حصہ 'ب' کے جوابات، جوابی بیاض میں تحریر کریں۔

6- OMR Sheet اور حصہ 'ب' کا جوابی بیاض دونوں ختمِ امتحان پر نگران کار کے حوالے کر دیں۔

نوٹ: حصہ 'الف' اور حصہ 'ب' کے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نشان اس کے محاذی درج ہیں۔

*********************

## Part - A حصہ الف

F-45

1۔ اردو کے کس شاعر کو خدائے سخن کہا جاتا ہے؟

(A) مرزا غالب (B) محمد ابراھیم ذوق (C) میر تقی میر (D) فیض احمد فیض

2۔ رجز کس صنفِ شاعری کے اجزائے ترکیبی میں شامل ہے؟

(A) قصیدہ (B) مرثیہ (C) غزل (D) مثنوی

3۔ میر تقی میر نے اپنے دیوان کو کس کا مجموعہ کہا ہے؟

(A) محبت کا (B) درد وغم کا (C) عشقِ حقیقی کا (D) سوزِ نہاں کا

4۔ حسرت موہانی نے جو رسالہ نکالا تھا، اُس کا نام کیا تھا؟

(A) دل گداز (B) مخزن (C) اردوئے معلٰی (D) نیا ادب

5۔ اخبار الہلال کس کی ادارت میں نکلتا تھا؟

(A) ظفر علی خاں (B) محمد حسین آزاد (C) جگن ناتھ آزاد (D) مولانا ابوالکلام آزاد

6۔ ذیل کی مثنویوں میں سے میر تقی میر کی مثنوی کونسی ہے؟

(A) خواب وخیال (B) پھول بن (C) دریائے عشق (D) مینا ستونتی

7۔ انعام اللہ یقین اردو کے کس مشہور شاعر کے شاگرد تھے؟

(A) شاہ مبارک آبرو (B) محمد رفیع سودا (C) مظہر جانِ جاناں (D) ولی دکنی

8۔ اردو کے پہلے اخبار کا نام کیا ہے؟

(A) دہلی اردو اخبار (B) اودھ پنچ (C) جامِ جہاں نما (D) زمیندار

9۔ اردو کے کس شاعر کو 'قنوطیت کا امام' کہا جاتا ہے؟

(A) فانی بدایونی (B) میر تقی میر (C) ریاض خیر آبادی (D) امجد حیدر آبادی

10۔ ایہام کے لغوی معنے کیا ہیں؟

(A) ہنسی مذاق کرنا (B) آپ بیتی سنانا (C) پریشان کرنا (D) وہم میں ڈالنا

11۔ دہلی کی ٹکسالی اور بامحاورہ زبان میں اردو کے کس ادیب نے شخصی خاکے لکھے ہیں؟

(A) راشد الخیری (B) میر ناصر علی (C) شاہد احمد دہلوی (D) شوکت تھانوی

12۔ خطوطِ غالب کو منفرد انداز میں کس نے مرتب کیا؟

(A) غلام رسول مہر (B) یوسف سلیم چشتی (C) شیخ محمد اکرام (D) عبدالرحمٰن بجنوری

13۔ 'سلسلۂ روز وشب' اردو کی کس ادیبہ کی خودنوشت سوانح حیات ہے؟

(A)عصمت چغتائی (B)صالحہ عابد حسین (C)قرۃ العین حیدر (D)جمیلہ ہاشمی

14۔ آبِ حیات، کتنے ادوار میں منقسم ہے؟

(A)تین (B)چار (C)پانچ (D)چھ

15۔ 'ساحل اور سمندر' کس کا سفر نامہ ہے؟

(A)رام لعل (B)فرمان فتح پوری (C)ڈاکٹر عبادت بریلوی (D)احتشام حسین

16۔ انشائیہ 'گواہ' کے خالق کون ہیں؟

(A)جمال پاشا (B)فرحت اللہ بیگ (C)سرسید احمد خاں (D)رشید احمد صدیقی

17۔ 'زرگزشت' اردو کے کس ادیب کی خودنوشت سوانح حیات ہے؟

(A)مشتاق احمد یوسفی (B)مسعود حسین خاں (C)شکیل الرحمٰن (D)احتشام حسین

18۔ 'پودے' کس کا تحریر کردہ رپورتاژ ہے؟

(A)زاہدہ زیدی (B)کرشن چندر (C)عصمت چغتائی (D)ان میں سے کسی کا نہیں

19۔ وہ کونسی صنف شاعری ہے جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ اور تمام اشعار ایک ہی بحر میں ہوتے ہیں؟

(A)غزل (B)قصیدہ (C)مثنوی (D)مرثیہ

20۔ وہ کونسی صنفِ شاعری ہے جو فرانسیسی ادب سے ماخوذ ہے؟

(A)ہائیکو (B)ترائیلا (C)سانیٹ (D)بلینک ورس

21۔ تنقید کے اولین نمونے کس میں دستیاب ہوتے ہیں؟

(A)داستانوں میں (B)تذکروں میں (C)تاریخِ ادب میں (D)خاکوں میں

22۔ تنقید کے لغوی معنے کیا ہیں؟

(A)ایجاد کرنا (B)تلاش و جستجو کرنا (C)کھرے کھوٹے کی پرکھ کرنا (D)ان میں سے کوئی نہیں

23۔ کتاب 'تنقید کیا ہے' کے مصنف کون ہیں؟

(A)احتشام حسین (B)آل احمد سرور (C)قمر رئیس (D)شمس الرحمٰن فاروقی

24۔ اردو تنقید کے تعلق سے یہ قول کس ناقد کا ہے کہ 'اردو تنقید کا وجود محض فرضی ہے۔ یہ اقلیدس کا خیالی نقطہ ہے یا معشوق کی موہوم کمر'؟

(A)حالؔی (B)احتشام حسین (C)گوپی چند نارنگ (D)کلیم الدین

25۔ 'گلشنِ بے خار' کس کا تذکرہ ہے؟

(A)مصحفؔی (B)میر تقی میرؔ (C)شیفتہ (D)

F-45

26۔ خواجہ سگ پرست کی کہانی کس داستان میں ہے؟

(A) طلسمِ ہوش ربا (B) باغ و بہار (C) رانی کیتکی کی کہانی (D) سب رس

27۔ حضرتِ خضر کا ذکر کس داستان میں ہے؟

(A) سب رس (B) نوطرزِ مرصع (C) فسانۂ عجائب (D) ان میں سے کسی میں نہیں

28۔ 'دنیا کی کہانی' کا مصنف کون ہے؟

(A) تاراچند (B) مسعود حسین خاں (C) محمد مجیب (D) علامہ شبلی نعمانی

29۔ فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کس نے ڈالی؟

(A) گورنر جنرل ویلزلی (B) جوزف کلکٹ (C) جان گل کرسٹ (D) ان میں سے کسی نے نہیں

30۔ 'ہم خرما و ہم ثواب' کس کا ناول ہے؟

(A) پریم چند (B) کرشن چندر (C) منٹو (D) عصمت چغتائی

31۔ ناول 'بیان' کس مشہور سانحے کی بنیاد پر لکھا گیا ہے؟

(A) گجرات فسادات (B) گودھرا واقعہ (C) تقسیم ہند (D) بابری مسجد کا انہدام

32۔ 'ایوانِ غزل' کس کی تصنیف ہے؟

(A) بانو قدسیہ (B) عصمت چغتائی (C) جیلانی بانو (D) قرۃ العین حیدر

33۔ ان میں سے کس ناول کا موضوع کوئلے کے کانوں میں کام کرنے والوں مزدوروں سے متعلق ہے؟

(A) فائر ایریا (B) مکان (C) بادل (D) فرات

34۔ قرۃ العین حیدر کی تصنیف 'سیتا ہرن' کیا ہے؟

(A) آپ بیتی (B) رپورتاژ (C) ناولٹ (D) مختلف افسانوں کا مجموعہ

35۔ میرا جی اور ن۔م۔راشد کا تعلق کس تحریک یا رجحان سے ہے؟

(A) ترقی پسند تحریک (B) علی گڑھ تحریک (C) جدیدیت (D) حلقۂ ارباب ذوق

36۔ جدیدیت اور مابعد جدیدیت میں مشترکہ عنصر کیا ہے؟

(A) سیاسی وابستگی (B) سیاسی ناوابستگی (C) مقصدیت (D) معاشی مسائل کی ترجمانی

37۔ آریا کو سب سے پہلے کس ملک میں دیکھا گیا تھا؟

(A) افغانستان میں (B) روس میں (C) چین میں (D) ایران میں

38۔ کن کے تذکروں سے ثابت ہوتا ہے کہ چھٹویں صدی سے اپ بھرنش تحریراً استعمال ہونے لگی تھی؟

(A) بھاما اور ونڈی (B) شیاما اور پرسورام (C) تلسی داس اور کالی داس (D) ان میں سے کسی کے نہیں

39۔ کس نے اپ بھرنش کی تین قسموں کی نشان دہی کی تھی؟

(A) مارکنڈے نے (B) پانی نے (C) بھامانے (D) کالی داس نے

40۔ ہند آریائی کے عہدِ وسطیٰ میں کونسا حرف کس حرف سے بدل جاتا تھا؟

(A) ب، و سے (B) ر، ل سے (C) س، ش سے (D) د، ت سے

41۔ ماگدھی کی بگڑی ہوئی شکل کونسی ہے؟

(A) مگھی (B) مگھو (C) مگی (D) ماگی

42۔ حسنِ مطلع کسے کہتے ہیں؟

(A) وہ شعر جو مطلع یا ایک سے زیادہ مطلعوں کے بعد آئے (B) وہ شعر جو مقطعے سے پہلے آئے (C) وہ شعر جو درمیان میں آئے (D) وہ مطلع جو مطلع کے بعد آئے

43۔ غزل میں 'بیتِ پُرکن' کسے کہتے ہیں؟

(A) غزل کا سب سے اچھا شعر (B) غزل کا سب سے بُرا شعر (C) وہ شعر جس کے لیے غزل کہی گئی ہو (D) وہ شعر جس میں معشوق کو جلی کٹی سنائی گئی ہو

44۔ شاعری کی اصطلاح میں 'زمین' کسے کہتے ہیں؟

(A) وہ بحر جس میں غزل کہی گئی ہو (B) وہ ردیف وقوافی جن میں غزل مکمل کی گئی ہو (C) وہ بحر، ریف اور قوافی جس میں غزل کہی گئی ہو (D) ان میں سے کوئی نہیں

45۔ 'گلِ نغمہ' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) مجروح سلطان پوری (B) کیفی اعظمی (C) سردار جعفری (D) فراق گورکھپوری

46۔ مومن کی غزلوں میں کون سی خصوصیت پائی جاتی ہے؟

(A) سوز و گداز (B) نازک خیالی (C) فلسفہ طرازی (D) یاسیت

47۔ ڈاکٹر اقبال کے والد کا نام کیا ہے؟

(A) شیخ محمد (B) نور محمد (C) نذر محمد (D) فتح محمد

48۔ علمِ عروض میں 'فعولن' کی آٹھ مرتبہ گردان کہلاتی ہے؟

(A) بحر کامل (B) بحرِ وافر (C) بحرِ متقارب (D) بحرِ رمل

49۔ 'سیف الملوک و بدیع الجمال' کس کی مثنوی ہے؟

(A) ابنِ نشاطی (B) غواصی (C) وجہی (D) حسن شوقی

F-45

50۔ مثنوی اُس نظم کو کہتے ہیں جس میں

(A) کوئی واقعہ یا جذبہ تسلسل کے ساتھ بیان کیا گیا ہو

(B) کسی بادشاہ کا قصہ بیان کیا گیا ہو

(C) عشقیہ جذبات کا اظہار کیا گیا ہو

(D) جنگ کا بیان کیا گیا ہو

## Part - B: حصّہ ب

II۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی دو(2) کے جواب مختصراً لکھیے۔ 5x2= 10

1۔ گئودان کے کردار 'ہوری' پر ایک مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔

2۔ صنفِ مرثیہ کی تعریف اور اجزائے ترکیبی بیان کیجیے۔

3۔ سعادت حسن منٹو کی زندگی کے اہم حالات مختصر لکھیے۔

4۔ ریڈیو مذاکرہ کسے کہتے ہیں، لکھیے؟

III۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک کا جواب تفصیل سے لکھیے۔ 15x1=15

5۔ 'اردو کے فروغ میں میڈیا کا رول' کے عنوان پر تفصیلی مضمون لکھیے

6۔ انشائیہ کی تعریف کرتے ہوئے، انشائیہ کے اہم خدوخال بیان کیجیے۔

---